24-05-07 قومی اسمبلی کے رکن جناب فرید احمد پراچہ ڈپٹی سیکرٹری جماعت اسلامی پاکستان نے فارم توحید آباد اور کلیۃ الحدیث الشریف کا دورہ کیا۔

26-05-07 سرکاری محکمہ تعلیم کی طرف سے عصری علوم پڑھانے کے لیے جامعہ و برانچہائے جامعہ میں تقریبا 20 مدرسین ومعلمات کی منظوری دی گئی۔

6-06-07 امیر جمعیت الشیخ عبدالرحمٰن حنیف نے دور حاضر کی مناسبت سے مرکزیت اور جماعت کی اہمیت اور اتفاق واتحاد کی ضرورت کے موضوع پر اساتذہ وطلباء سے خصوصی خطاب کیا۔آپ نے منافرت پھیلانے اور شکوک وشبہات پیدا کرنے والوں کی شدید مذمت کی۔

17-06-07 الشیخ محمد سلفی صاحب نائب امیر غرباء اہل حدیث پاکستان و مدیر جامعہ ستاریہ کراچی 5 رکنی وفد کے ہمراہ تشریف لائے اور جامع الجامعۃ میں بعد نماز ظہر اساتذہ وطلباء سے خطاب فرمایا۔وفد میں حافظ ادریس وحافظ انس صاحبان بھی شامل تھے۔

22-06-07 جمعیۃ احیاء التراث الاسلامی مکتب پشاور کے مدیر جناب عبیداللہ صاحب اور رفقاء کار نے جامعہ کا دورہ کیا جس میں الشیخ سلیم اللہ عبدالباقی خان صاحب بھی شامل تھے۔

25-06-07 جناب خورشید انور بمع فیملی کراچی سے تشریف لائے اور کلیۃ الدراسات الاسلامیۃ للبنات کا دروہ کیا۔

27-06-07 جناب عبدالرحمٰن غلام رحمانی لاہور اور جناب مجیب مجاہد رحیم یار خان نے بمع فیملی جامعہ کا دورہ کیا۔

30-06-07 الاثر پبلک سکولز بلتستان کے زیر انتظام موضع غواڑی، یوگو اور کریس میں قائم سکولوں کے ششماہی امتحانات کے مشترکہ اعلان نتائج کے سلسلے میں الاثر پبلک سکول غواڑی میں ایک پر رونق جلسہ منعقد ہوا۔تینوں سکولوں کے طلباء کے مابین حسن قراءت، حمد ونعت، تقریر، معلومات اور کھیلوں کے دلچسپ مقابلے ہوئے۔

الاثر سکولوں کے ایڈوائزر جناب الحاج عبدالسلام بلغاری صاحب نے نتائج کا اعلان کیا۔جس کے مطابق الاثر پبلک سکول غواڑی نے اول، الاثر پبلک سکول کریس نے دوم اور الاثر پبلک سکول یوگو نے سوم پوزیشن حاصل کی۔

# نامے جو میرے نام آئے

❁ التراث ایک جامع علمی مجلّہ ہے۔مضامین، تحقیقی مقالے، استفسارات، فقہی و علمی مسائل اور عالم اسلام کے مسائل اس مجلّے کا لوازمہ ہیں۔صدیقی صاحب کی شاعری فکر انگیز اور با مقصد ہے۔ان شاء اللہ کوشش کروں گا کہ آپ کی قلمی رفاقت کر سکوں۔

ڈاکٹر فرید احمد پراچہ

ممبر قومی اسمبلی، ڈپٹی سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی، ڈائریکٹر علماء اکیڈمی اینڈ ٹی ایس کالج منصورہ، لاہور

التراث: ہم جناب والا کے مضامین کے انتظار میں چشم براہ رہیں گے۔

❁ مجلة التراث في منطقة بلتستان كالبدر الطالع في الظلام . ومقالاتها تدل علىٰ فطنة أصحابها وذكاوتهم في الفقه والحديث والتاريخ وغيرها من الفنون . وهي تشتمل علىٰ مسائل تحقيقية صالحة لأن تنشر مستقلة في صورة الكتب ومنها "المسح على الجوربين" وهي مفيدة جداً . وما رأيت في محتوياتها الفقهية شيئا حتى الآن مما ينتقد عليه.

عبدالرحمن ضياء

شيخ الحديث جامعة شيخ الإسلام ابن تيميةؒ لاهور

❁ مجلّے کے سبھی مضامین معلوماتی اور فکر انگیز ہیں، لیکن عصر حاضر کی مناسبت سے موضوع میں کچھ تبدیلی کی ضرورت ہے۔حالات وواقعات کی تازہ صورت حال کی کمی محسوس کی گئی ہے۔

صوبیدار محمد اظہر چوہدری ٹوبہ ٹیک سنگھ

التراث :اس خلا کو پر کرنے کی کوشش میں "گردوپیش" کے عنوان سے کالم کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔تاہم مختلف موضوعات اور علوم وفنون سے وابستہ اربابِ علم سے قلمی حصہ ڈالنے کی صلائے عام ہے۔

❁ آپ کی زیر نگرانی شائع ہونے والا علمی، دعوتی اور معلوماتی مجلّہ التراث پڑھنے کا موقع ملا۔وقت کے لحاظ سے مجلّہ کو کافی مفید پایا۔دعا ہے کہ اللہ پاک اس مجلّہ کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔آمین

محمد ابراہیم جان قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی گلگت